## سوال

کمیٹی رکھنا اور قسطوں پر چیز لینا

## جواب

سوال : السلام علیکم کیا کمیٹی رکھنا جائز ہے ؟ اور کیا قسطوں پر لی گئی چیز سود ہے ؟

جواب : سادہ کمیٹی رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ باہمی تعاون کا ایک ذریعہ ہے ۔ ہاں ! کسی کمیٹی میں کچھ مخصوص خلاف شریعت صورتیں ہیں یا شرائط ہیں جیسا کہ بولی والی کمیٹی وغیرہ تو اس کے ناجائز ہونے میں کوئی شک نہیں ہے ۔

سادہ طور قسطوں پر لی گئی چیز سود نہیں ہے ۔ البتہ اگر قسطوں کے ساتھ کچھ مزید بھی خلاف شریعت شرائط ہیں تو پھر وہ خرید و فروخت درست نہ ہوگی جیسا کہ اگر یہ شرط لگا دی کہ قسط لیٹ ہوئی تو جرمانہ پڑے گا تو یہ اضافی جرمانہ سود میں شامل ہے ۔